**22.03.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. شگفتہ یاسمین

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی، دو روزہ سرکاری دورے پر بھوٹان پہنچ گئے ہیں۔ بھوٹان کے ساتھ بھارت کے انفرادی نوعیت تعلقات کو اور مضبوط کرنے کے مقصد سے دونوں ملکوں نے ایک دوسرے کے ساتھ بہت سے مفاہمت نامے کیے ہیں۔

☆ دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال نے شراب پالیسی کیس کے سلسلے میں انفورسمینٹ ڈائریکٹریٹ کے ہاتھوں خود کی گرفتاری کے خلاف سپریم کورٹ سے اپنی درخواست واپس لے لی ہے۔

☆ اسرو نے کرناٹک میں چتر دُرگ کے مقام پر، مصنوعی سیارچے کو خلا میں لے جانے والے راکٹ **Pushpak** کو زمین پر اتارے جانے کا کامیاب تجربہ کیا ہے۔

☆ آج پانی کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت، پانی کے مستقل بندوبست کے تئیں کام کرنے کی پابند ہے۔

☆ سوئس اوپن بیڈمنٹن میں کدامبی سری کانت، کرن جیورج اور پریانشو راج وَت، آج رات بیسلز میں مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میچ کھیلیں گے۔

☆ اور...... کرکٹ میں آج شام آئی پی ایل **2024** شروع ہو رہا ہے۔ پہلا میچ چنئی میں، چنئی سپُر کنگس اور رائل چیلنجرس بنگلورو کے درمیان کھیلا جائے گا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

PM Bhutan Visit

وزیر اعظم نریندر مودی بھوٹان کے دو دن کے سرکاری دورے پر آج صبح Paro پہنچے۔ دونوں ملکوں کے درمیان بہت سے مفاہمت ناموں پر دستخط کئے گئے ہیں۔ بھوٹان کے وزیر اعظم Tshering Tobgay نے Paro ہوائی اڈے پر جناب مودی کا گرمجوشی کے ساتھ استقبال کیا۔ ان کا روایتی انداز سے خیر مقدم کیا گیا۔

وزیر اعظم بھوٹان کے شاہ جگمے کھیسر نامگیال وانگ چُک اور بھوٹان کے چوتھے شاہ جِگمے سِنگے وانگ چک سے ملاقات کریں گے۔ جناب مودی بھوٹان کے وزیر اعظم Tshering Tobgay کے ساتھ بات چیت بھی کریں گے۔

وزیر اعظم Thimphu میں بچوں اور ماں کی دیکھ بھال سے متعلق اسپتال کا افتتاح کریں گے۔ یہ جدید طرز کا اسپتال ہے جو بھارت کی امداد سے Thimphu میں تعمیر کیا گیا ہے۔

وزارت خارجہ نے بتایا ہے کہ بھارت اور بھوٹان کے درمیان اعلیٰ سطح کے تبادلوں کی روایت اور پڑوس پہلے کی پالیسی پر سرکار کے زور کی مناسبت سے جناب مودی کا یہ دورہ ہورہا ہے۔

اِدھر ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ وہ مختلف پروگراموں میں شرکت کریں گے جن کا مقصد بھارت-بھوٹان ساجھیداری کو مزید مستحکم بنانا ہے۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ وہ بھوٹان کے شاہ اور وزیر اعظم کے ساتھ بات چیت کے منتظر ہیں۔x

K Kavitha SC Hearning

سپریم کورٹ نے آج BRS لیڈر K Kavitha کو، کوئی راحت دینے سے انکار کر دیا ہے، جنہیں دلّی شراب پالیسی کیس میں، پچھلے ہفتے گرفتار کیا گیا تھا۔ سپریم کورٹ نے اُن سے نچلی عدالت سے رجوع کرنے کو کہا ہے۔

جسٹس سنجیو کھنّہ، ایم ایم سُندریش اور بیلا ترویدی کی ایک خصوصی بینچ نے یہ کہتے ہوئے اُن کی درخواست پر سنوائی کرنے سے انکار کر دیا کہ اُنہیں یکساں پالیسی اختیار کرنی چاہیے اور نچلی عدالت سے راحت کی درخواست کرنی چاہیے۔ عدالت نے یہ بھی کہا کہ وہ لوگوں کو ضمانت کیلئے سپریم کورٹ سے براہ راست رجوع کرنے کی محض اِس لئے اجازت نہیں دے سکتا کہ وہ سیاستداں ہیں یا وہ براہ راست سپریم کورٹ جاسکتے ہیں۔

K Kavitha، تلنگانہ کے سابق وزیر اعلیٰ K چندرسیکھر راؤ کی بیٹی ہیں اور اُنہیں انفورسمینٹ ڈائریکٹریٹ نے پچھلے جمعے کو شراب پالیسی سے متعلق مبینہ گھپلے کے سلسلے میں گرفتار کیا تھا۔ x

SC Kejriwal Hearning

دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال نے، مبینہ شراب پالیسی گھپلے میں، سپریم کورٹ سے اپنی گرفتاری کے خلاف درخواست واپس لے لی ہے۔ ذرائع کے مطابق اب وہ، مقررہ طریقۂ کار کے مطابق ایک نچلی عدالت سے رجوع کریں گے۔

کجریوال نے یہ قدم، سپریم کورٹ کی طرف سے، BRS لیڈر K Kavitha کی درخواست کو قبول کرنے سے انکار کیے جانے کے چند گھنٹے بعد اٹھایا ہے۔ اُنہیں اِسی کیس میں پچھلے ہفتے گرفتار کیا گیا تھا۔ جس بینچ نے کویتا کے کیس کی سنوائی کی تھی، اُسی کو اروند کجریوال کی دلائل بھی سننی تھی۔x

Kejriwal Political Reax

دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کی گرفتاری پر BJP ترجمان سمبت پاترا نے کہا ہے کہ جناب کجریوال نے، اُنہیں جاری کیے گئے 9 سَمنوں سے فرار حاصل کیا ہے۔ جبکہ اُنہیں اِن سَمنس کا احترام کرنا چاہیے تھا۔ جناب پاترا نے کہا کہ دلّی کے وزیر اعلیٰ کو اپنے عہدے کا پاس رکھنا چاہیے تھا، جبکہ وہ کہتے رہے کہ یہ سَمن غیر قانونی ہیں اور وہ ED کے سامنے پیش نہیں ہوں گے۔

عام آدمی پارٹی کی رہنما آتشی نے الزام لگایا ہے کہ عام آدمی پارٹی کے سرکردہ رہنماؤں کو، جھوٹے الزامات کے تحت گرفتار کیا جا رہا ہے۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ ایسا پہلی بار ہے کہ حکومت نے، عہدے پر موجود کسی وزیر اعلیٰ کو گرفتار کیا ہے۔

آتشی نے الزام لگایا کہ جناب کجریوال کو ایک ایسے کیس میں گرفتار کیا گیا ہے، جس میں دو سال تک تفتیش کیے جانے کے باوجود محض ایک روپیہ بھی بر آمد نہیں ہوا ہے۔

کانگریس لیڈر K C وینو گوپال نے الزام لگایا ہے کہ مرکزی حکومت، انفورسمینٹ ایجنسیوں کا غلط استعمال کر رہی ہے اور کانگریس پارٹی، عام آدمی پارٹی اور اروند کجریوال کے ساتھ ہے۔ انھوں نے الزام لگایا کہ انفوسمینٹ ایجنسیاں، اپوزیشن کے خلاف بدلہ لینے کی سیاست کے مقصد سے حکومت کا آلہ کار بنی ہوئی ہیں۔

عام آدمی پارٹی کے ارکان نے آج دلّی کے مختلف علاقوں میں دھرنے دے رکھے ہیں۔ x

Karnataka ISRO

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اسرو نے آج صبح کرناٹک میں چتر دُرگ کے مقام پر ATR سے آج صبح مصنوعی سیارچوں کو خلا میں لے جانے والے اپنے راکٹ Pushpak کو، زمین پر اتارے جانے کا تجربہ کامیابی کے ساتھ انجام دیا۔ Pushpak کی خاص بات یہ ہے کہ اِسے دوبارہ بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

X پر ایک پیغام میں کہا گیا ہے کہ اسرو نے ایک بار پھر ایک بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔ اِس پیغام میں اِس راکٹ کو زمین پر آسانی کے ساتھ اتارے جانے کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے۔

اسرو کے چیئرمین ایس سومناتھ نے اِس کامیابی پر ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔ x

Delhi Assembly

دلّی اسمبلی کا خصوصی اجلاس جو آج منعقد ہونا تھا، منسوخ کر دیا گیا ہے۔ اب یہ اجلاس 27 مارچ کو ہوگا۔

شراب پالیسی گھپلے کے کیس میں، انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ کے ہاتھوں دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کو گرفتار

کیے جانے کے بعد یہ خصوصی اجلاس منسوخ کیا گیا ہے۔ x

Delhi Metro

25 مارچ کو ہولی کے دن میٹرو خدمات، دلّی کے سبھی اسٹیشنوں پر دوپہر ڈھائی بجے تک فراہم نہیں رہیں گی۔ اِن اسٹیشنوں میں ریپڈ میٹرو اور ایئر پورٹ ایکسپریس لائن بھی شامل ہے۔
دلّی میٹرو ریل کارپوریشن کے مطابق یہ خدمات سبھی لائنوں پر ٹرمنل اسٹیشنوں سے دوپہر ڈھائی بجے شروع ہوں گی اور اس کے بعد معمول کے مطابق جاری رہیں گی۔ x

Prez Damodar Rout

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے بیجو جنتا دل (BJD) کے سینئر رہنما اور اڈیشہ کے سابق وزیر Damodar Rout کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ اڈیشہ اور ملک کی ترقی کے تئیں جناب راوت کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انھوں نے جناب راوت کے اہل خانہ اور مداحوں کو تعزیت پیش کی ہے۔ اس مہینے کے آغاز میں دامودر راوت کو دل کا دورہ پڑا تھا جس کے بعد سے ان کی حالت نازک تھی۔ وہ 82 سال کے تھے۔ x

World Water Day

آج پانی کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن ہر سال 22 مارچ کو منایا جاتا ہے، جس کا مقصد پینے کے پانی کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ پانی کا عالمی دن لوگوں، تنظیموں اور حکومتوں کو یکجا کرتا ہے کہ وہ پانی کو درپیش فوری چیلنجوں کا سامنا کرے اور اِس بات کو یقینی بنانے کی مکمل کوشش کریں کہ ہر ایک کو صاف پانی اور صفائی ستھرائی فراہم رہے۔ یہ کوششیں بیداری میں بہتری لانے کیلئے منعقد کی جانے والی تقاریب، تعلیمی پروگراموں اور سماج کے ذریعے چلائی جانے والی مہموں کے ذریعے کی جاتی ہے۔ اِس سال کا موضوع ہے: خوشحالی اور امن کیلئے پانی۔ اِس موضوع کے تحت دنیا بھر میں تعاون اور استحکام کو فروغ دینے میں پانی کے اہم رول پر زور دیا گیا ہے۔ اِس سال پانی کے عالمی دن کے موقع پر بین الاقوامی اشتراک کیلئے کہا گیا ہے کہ پانی تک مساویانہ رسائی کو یقینی بنایا جائے۔x

PM Water Day

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت پانی کے مستقل بندوبست کی جانب کام کرنے کی پابند ہے۔ آج

پانی کے عالمی دن کے موقع پر جناب مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ پانی ہماری زندگیوں کیلئے لازمی ہے اور حکومت اِس قیمتی وسیلے کو تحفظ دینے کی پابند ہے۔ x

## Bihar Diwas

بہار آج اپنا 112 واں یومِ تاسیس منا رہا ہے۔ بہار کی ریاست 1912 میں آج ہی کے دن بنگال پریذیڈینسی سے الگ ہوئی تھی۔

صدر جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیر اعظم نے بہار کے عوام کو اُن کی ریاست کے یومِ تاسیس پر مبارکباد دی ہے۔ x

## Swiss Open Badminton

سوئس اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں کدامبی سری کانت کا مقابلہ تائیوان کے چیا ہاولی سے ہوگا، جبکہ کرن جیورج کا مقابلہ ڈنمارک کی Rasmus Gemke سے ہوگا۔ یہ میچ آج رات بیسل میں کھیلے جائیں گے۔

پریانشو راج وَت، اِسی زمرے میں Tien Chen Chou کے ساتھ کھیلیں گے۔ x

## IPL Opener

بھارتی پریمیئر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ کا آج شام چنئی میں آغاز ہوگا۔ اس سیزن کا پہلا میچ چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں دفاعی چمپئن چنئی سپرکنگز اور رائل چیلنجرس بنگلورو کے درمیان کھیلا جائے گا۔ یہ میچ آج رات 8 بجے شروع ہوگا۔ کرکٹ کے مداحوں کو اس میچ کا بے صبری سے انتظار ہے کیونکہ اس میں مہندرسنگھ دھونی اور وراٹ کوہلی آمنے سامنے ہوں گے۔ چنئی سپرکنگز کے مداحوں کو کل اُس وقت ایک بڑا جھٹکا لگا جب ٹیم کی کپتانی کے لیے سرکردہ کھلاڑی مہندر سنگھ دھونی کی جگہ رتوراج گائکواڑ کے نام کا اعلان کیا گیا۔

## India Indravati

بھارت نے ہیتی سے اپنے شہریوں کو نکال کر Dominic جمہوریہ پہنچانے کیلئے آپریشن اندرا وتی شروع کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا کہ کُل 12 بھارتی شہریوں کو وہاں سے نکالا گیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت سرکار بیرون ملک اپنے شہریوں کی سلامتی اور اُن کی خیر و عافیت کے تیئں پوری طرح

عہد بند ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے Dominic جمہوریہ کی مدد کیلئے وہاں کی سرکار کا بھی شکریہ ادا کیا۔x

☆☆☆